01U & 02U

New Model Paper - 2
Urdu (First Language)
X Class 2020-21

Time : 3:15 Mts. Max. Marks : 100

PART - A & B

**طلباء کے لیے ہدایات:**

1۔ یہ سوالیہ پرچہ دو حصوں پارٹ A اور پارٹ B پر مشتمل ہے۔

2۔ پارٹ A میں I۔ سمجھنا۔ ردِعمل ظاہر کرنا اور II۔ اظہارِ مافی الضمیر اور تخلیقی صلاحیت کا اظہار پر مبنی ہے۔

3۔ پارٹ B زبان شناسی پر مبنی ہے۔

4۔ سوالیہ پرچہ پارٹ A اور B کے مطالعہ کے لیے 15 منٹ اور سوالات کے جوابات کے لیے 3:00 گھنٹے مقرر ہیں۔

5۔ پارٹ A کے تمام سوالات کے جواب جوابی بیاض میں لکھیں۔ پارٹ B کے جوابات اسی پرچہ میں لکھیں۔

PART - A Marks : 70

**I۔ سمجھنا ۔ اظہارِ خیال کرنا (32 نشانات)**

1۔ ذیل میں سے کسی ایک بند کی تشریح کیجیے۔ 4 x 2 = 8

الف۔ مس خام کو جس نے کندن بنایا کھرا اور کھوٹا الگ کر دکھایا
عرب جس پہ قرنوں سے تھا جہل چھایا پلٹ دی بس آن میں اُس کی کایا
رہا ڈر نہ بیڑے کو موجِ بلا کا
ادھر سے اُدھر پھر گیا رُخ ہوا کا

(یا)

(ب)

تو فلاطون و ارسطو ہے تو زہرا پروین
تیرے قبضہ میں ہے گردوں تری ٹھوکر میں زمیں
ہاں اٹھا جلد اٹھا پائے مقدر سے جبیں
میں بھی رکنے کا نہیں وقت بھی رکنے کا نہیں



**Turn Over**

لڑکھڑائے گی کہاں تک کہ سنبھلنا ہے تجھے
اٹھ مری جان! مرے ساتھ ہی چلنا ہے تجھے

2۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک بند کے خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔ 4 x 2 = 8

(ج) وہ نبیوں میں ______لقب پانے والا
______غریبوں کی بر لانے والا
مصیبت میں غیروں کے _____ آنے والا
وہ اپنے پرائے کا _____ کھانے والا

(د) قدر اب تک تری ______نے جانی ہی نہیں
تجھ میں _____بھی ہیں بس اشک فشانی ہی نہیں
تو حقیقت بھی ہے دلچسپ _____ہی نہیں
تیری ہستی بھی ہے اک چیز جوانی ہی _____

3۔ مندرجہ ذیل جملوں کو ''درِیتیم'' کے سبق کی مناسبت سے ترتیب وار لکھیے۔ 4 x 2 = 8

(الف) حضرت آمینہ کو ہر آن حضرت عبداللہ کے آنے کا انتظار ہے۔
(ب) بی بی آمینہ کے دل میں ارمان مچل رہے تھے کہ عبداللہ اپنے نورِنظر کو دیکھ کر کتنے خوش ہوں گے۔
(ج) ان کا ناقہ تو بہت تیز ہے ہوا سے باتیں کرتا ہے۔
(د) ان کا صبیح چہرہ میرے چاند کی پیشانی چوم کر گلنار ہو جائے گا۔

4۔ ذیل کی عبارت پڑھ کر مناسب جواب لکھیے۔ 4 x 2 = 8

ہارون رشید کا ایک بیٹا باپ کے پاس آیا۔ وہ بڑے غصے میں تھا۔ کہنے لگا ابو حضور! فلاں ہر اول کے بیٹے نے مجھے گالیاں دی ہیں ہارون رشید نے اراکین سلطنت سے پوچھا اسے کیا سزا دینی چاہئے۔ ایک نے کہا اِسے قتل کر دینا چاہئے۔ دوسرے نے بولا اس کی زبان کاٹ دینی چاہئے۔ تیسرے نے رائے دی کہ اس پر تاوان ڈال دینا چاہئے۔ لیکن بادشاہ ہارون رشید نے کسی کی رائے سے اتفاق نہ کیا۔ اس نے بیٹے سے کہا جان پدر درگذر کرو۔ اسے معاف کر دو۔ تمہیں اس کا اجر ملے گا اور اگر ایسا نہیں کر سکتے تو تم بھی اسے گالیاں دے کر غصہ ٹھنڈا کر لو۔

ایسا بدلہ اچھا نہیں جو حد سے گزر جائے اور جو تمہاری طرف سے ظلم ہو۔

(1) ہارون رشید کون ہیں؟

(2) ہارون رشید کا بیٹا غصے میں آ کر کیا کہا؟

(3) بادشاہ نے مشورہ مانگنے پر دوسرے رکن نے کیا جواب دیا؟

(4) بادشاہ نے کیا فیصلہ کیا؟

**II۔ اظہارِ مافی الضمیر ۔ تخلیقی اظہار (38 نشانات)**

(الف) مندرجہ ذیل سوالوں میں کسی بھی تین (3) سوالوں کا جواب 4 یا 5 جملوں میں لکھیے۔ 3 x 4 = 12

5۔ مولانا الطاف حسین حالؔی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

6۔ جہانگیر علی نے محمد قلی قطب شاہ کو شہر حیدر آباد کے کون کونسے نظارے بتائے؟

7۔ اللہ کی ذات واحد ہی عبادت کے لائق کیوں ہے؟

8۔ افسانہ دوسرا موسم پڑھ کر آپ نے کیا اخذ کیا؟

9۔ حضرت عبدالمطلب کے بارے میں لکھیے۔

(ب) مندرجہ ذیل سوالوں میں کسی بھی دو سوالوں کے جواب 10 جملوں میں لکھیے۔ 2 x 8 = 16

10۔ نظم ''البیلی صبح'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

11۔ شہر میں آ کر بسنے والا شخص گاؤں کی کن کن چیزوں سے محروم ہو جاتا ہے؟

12۔ دیس کو کیسے لوگوں کی ضرورت ہے اور کیوں؟

13۔ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی پیدائش کے وقت کے حالات لکھیے۔

(ج) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تخلیقی/توصیفی انداز میں لکھیے۔ 1 x 10 = 10

14۔ آپ اپنے والد کو خط لکھ کر بتائیے کہ آپ کی تعلیمی سرگرمیاں کس طرح سے چل رہی ہیں؟

(یا)

اپنے دوست کو خط لکھ کر بتائیے کہ آپ کرونا وائرس سے بچنے کے لیے کیا کیا تدابیر کیے جا سکتے ہیں؟

......♦......

01U & 02U

New Model Paper
Urdu (First Language)
X Class - 2020-21

Time : 30 Mts. Max. Marks : 30

PART - B

**طلباء کے لیے ھدایات:**

1۔ ہرسوال کا جواب لکھیں۔

2۔ ہرسوال کے لیے 1 نشان مقرر ہے۔

3۔ پارٹ B کے سوالات کے جواب پارٹ B ہی میں لکھ کر پارٹ A کے ساتھ منسلک کریں۔

4۔ جوابات واضح ہوں۔ مبہم نہ ہوں

5۔ ایک بار جواب لکھنے کے بعد اُسکی تصحیح نہ کریں۔

**I۔ زبان شناسی: (30 نشانات)**

(الف) مندرجہ ذیل دیے گئے معروضی سوالات کے جوابات کو مناسب جواب کا انتخاب کرکے A/B/C/D کو دیے گئے قوسین میں لکھیے۔ 15 x 1 = 15

1۔ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی تعریف میں لکھی گئی نظم کہلاتی ہے۔ ( )

(A) حمد (B) نعت (C) قصیدہ (D) رباعی

2۔ جوش ملیح آبادی کی نظم کونسی ہے؟ ( )

(A) البیلی صبح (B) نعت (C) غزل (D) عورت

3۔ طیور درختوں پر اپنا بسیرا کرتے ہیں۔ لفظ ''طیور'' کے معنی لکھیے۔ ( )

(A) حیوان (B) جانور (C) پرندے (D) انسان

4۔ 'پہاڑ' کا مترادف کیا ہے؟ ( )

(A) اونٹ (B) جمل (C) جمیل (D) جبل

5۔ خواجہ الطاف حسین حالؔی کا نظم کی نشاندہی کیجیے۔ ( )

(A) قصیدہ (B) عورت (C) نعت (D) رباعی

7۔ جب کسی لفظ پر ’الف لام‘ لگایا جائے اور وہ ’الف لام‘ نہیں پڑھا جائے تو کہلاتا ہے۔ (   )

(A) حروفِ شمسی (B) حروفِ قمری (C) سابقہ (D) لاحقہ

8۔ کسی لفظ کے شروع میں جُز جڑ کر ایک خاص معنی پیدا کرنے والا جُز کہلاتا ہے۔ (   )

(A) سابقہ (B) لاحقہ (C) حروفِ شمسی (D) حروفِ قمری

9۔ ماہرینِ عروض نے اوزان مقرر کیے ہیں۔ (   )

(A) 19 (B) 20 (C) 18 (D) 17

10۔ کیفی اعظمی کی نظم کی نشاندہی کیجیے۔ (   )

(A) نعت (B) عورت (C) البیلی صبح (D) قصیدہ

11۔ لفظ ”تعلیم“ کے فاعل کی نشاندہی کیجیے۔ (   )

(A) علم (B) علیم (C) عالم (D) معلم

12۔ کشمیری لال ذاکر کے مضمون کی نشاندہی کیجیے۔ (   )

(A) وطن کی خدمت کے ڈھنگ (B) ترغیب (C) قلی قطب شاہ کا سفرنامہ (D) دوسرا موسم

13۔ نظم ’البیلی صبح‘ کے موضوع کی نشاندہی کیجیے۔ (   )

(A) طنز و مزاح (B) مناظرِ فطرت (C) سماجی اقدار (D) حب الوطنی

14۔ کسی کی تعریف یا تذلیل کو بڑھا چڑھا کر پیش کرنا کہلاتا ہے۔ (   )

(A) استعارہ (B) کنایہ (C) مبالغہ (D) تلمیح

15۔ اردو کا سب سے پہلا صاحبِ دیوان شاعر ہے۔ (   )

(A) غالب (B) قلی قطب شاہ (C) حالؔی (D) جوشؔ

(ب) ذیل کے سوالوں کے مناسب جواب لکھیے۔ 12 x 1 = 12

16۔ نسخۂ کیمیا کسے کہتے ہیں؟ ____________________

17۔ آدمی رفتہ رفتہ ترقی کرتا ہے۔ ”رفتہ رفتہ“ کا ضد لکھیے۔ ____________________

18۔ شعری محاسن کو اجاگر کرنا اس سے لطف اندوز ہونا کہلاتا ہے۔ ____________________

19۔ ایک شئے کو دوسری شئے کی مثل قرار دینا کہلاتا ہے۔ ______

20۔ لفظ 'افکار' کا واحد لکھیے۔ ______

21۔ غزل کے پہلے شعر کو کیا کہتے ہیں؟ ______

22۔ کلام میں حقیقی معنی چھوڑ کر مرادی معنی لینا کہلاتا ہے۔ ______

23۔ اس جملے کو تکرار لفظی میں تبدیل کیجیے 'شادان پڑھ رہا تھا اب سو گیا'

______

24۔ عورت سماج کے کون کونسے بندھنوں میں بندھی ہوئی ہے۔

______

25۔ کسی بات کو جانتے ہوئے بھی اس سے انجان رہنا کہلاتا ہے۔ ______

26۔ ''اگنسئید مائنڈس، دی ونگس آف فائر'' تصانیف کے مصنف کون ہیں؟ ______

27۔ گاؤں میں کسی کو پانی پلانے سے پہلے کیا پیش کیا جاتا ہے؟ ______

(ج) ذیل میں دیے گئے تین الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 3 x 1 = 3

28۔ ہاتھ بٹانا: ______

29۔ ظرف: ______

30۔ حوصلہ: ______

......◆......